© rasailojaraid.com



پیغام — ادارہ

# آگہی

اسلام کے تمام فرقوں کے بنیادی عقاید میں ایک لازم عقیدہ یہ ہے کہ پیغمبر اسلام محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں آخری نبی، آخری رسول اور آخری پیغمبر ہیں۔

حالیہ تحریکِ ختمِ نبوت میں پاکستانی مسلمانوں کے تمام فرقوں نے اپنے اس متفقہ عقیدہ کے تحفظ کے لئے جس اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے، اس سے منکرینِ ختمِ نبوت بوکھلا گئے ہیں۔ اور انہوں نے مختلف اسلامی فرقوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکا کر محاذ آرائی کرنے کے لئے کثیر رقم وقف کر کے سازش شروع کر دی ہے اور عین گمان ہے کہ کہیں کہیں انہیں کامیابی بھی حاصل ہونے لگے۔

لہٰذا تمام مسلمانوں پر واجب ہے کہ جہاں کہیں بھی فرقہ دارانہ منافقت سر اٹھانے لگے، اسے وہاں ہی دبا دیں اور یہ بھی معلوم کریں کہ تنازعہ کے پسِ پشت منکرینِ ختمِ نبوت میں سے یا ان کے خرید کردہ اشخاص میں سے کس کس کا ہاتھ ہے؟

اگر آپ اس مرحلہ پر باہمی محبت و آشتی کو برقرار نہ رکھ پائے تو تحفظِ ختمِ نبوت کے سلسلہ میں کی گئیں تمام تر کوششیں اور قربانیاں رائیگاں جائیں گی!

© rasailojaraid.com